خادم حسین

زبان میری ہے بات ان کی

——— ہر حکومت کی مخالفت میرا شوق نہیں ہے۔ (نوابزادہ نصراللہ خان)

ہاں جس میں الیکشن ہار جاؤں۔

——— اداکار مبلغ اور معلم بھی ہوتا ہے۔ (مدیحہ شاہ)

یقیناً ...... گھر گھر فحاشی اور بے حیائی پھیلانے کا۔

——— جھارا پہلوان انتقال کر گئے۔ (ایک خبر)

نہ جھارا رہا نہ ہی گاما رہا مٹے ناموں کے نشاں کیسے کیسے!

——— علماء وقت نکال کر اسلام آباد آئیں، انہیں حلوہ بھی کھلایا جائے گا۔ (شہباز شریف)

جمعراتیو! شرم ہو تو ڈوب مرو ....!

——— لیڈی ڈیانا کے تکیئے کے نیچے سے اب زیور اور چاکلیٹ کے تحفے نہیں نکلتے۔ (ایک خبر)

لیڈی "ڈو آنہ" کی نظروں میں اب ان تحفوں کی کوئی قدر نہیں رہی۔

——— واپڈا ملازمین کو مفت بجلی کی سہولت میں دوگنا اضافہ۔ (ایک خبر)

اس کا خرچ عام صارفین کے بلوں میں ڈالا جائے گا۔

——— آئی جی پنجاب نے بد اخلاق ملازمین کی فہرستیں طلب کر لیں۔ (ایک خبر)

کیا دھماکہ ہو اگر وہ پولیس میں کسی با اخلاق ملازم کو تلاش کر لیں۔

——— پنجاب سیکرٹریٹ کے ۲۶ محکموں میں چوتھے دن بھی اُلّو بولتے رہے۔ (ایک خبر)

یہ چار دن کی بات نہیں۔ سال بھر بھی یہی بولتے رہتے ہیں۔

——— علامہ اقبال کا مزار مغل بادشاہوں نے تعمیر کرایا تھا۔ (سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کا انکشاف)

تو گویا مقبرہ جہانگیر علامہ اقبال نے بنوایا تھا۔

——— بے نظیر کا باپ بھی قبر سے آجائے، حکومت ختم نہیں ہوگی۔ (غلام دستگیر خان)

جی بالکل بجا فرمایا آپ نے یہ کام تو آپ خود بہتر طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں۔

—— ملائشیا میں اسلامی نظام کے نفاذ کا عمل شروع ہو گیا۔ (ایک خبر)

بھائی یہ مذاق اچھا نہیں ہم کیسے یقین کریں ۔ پاکستان میں تو ۵۱ برس سے یہی سنتے چلے آ رہے ہیں۔

—— گوجرانوالہ میں پولیس والوں سے ریلوے ملازمین کی تنخواہیں چھین لی گئیں —— ضلع کچہری ملتان میں پولیس مال خانے سے اسلحہ سمیت ۱۰ لاکھ روپے مالیت کا سامان غائب ۔ ہیڈ کانسٹیبل فرار (ایک خبر)

ساڈا دئی ساڈا اُہنوں سمجھ آندا جاندا اے پولیس کا ہے فرض مدد آپ کی

—— صدر نے مشہد میں امام رضاؒ کے مزار پر حاضری دی ۔ (ایک خبر)

کتے گئے مدینے گئے کربلا گئے جیسے گئے تھے ویسے ہی چل پھر کے آ گئے

—— غریبوں کے حقوق کی خاطر لڑنا بے نظیر کی زندگی کا اولین فرض ہے (سلمان تاثیر)

سلمان تاثیر جیسے "غریبوں" کے حقوق کی خاطر !

—— ملک کی اکثر سیاسی جماعتیں دھوکے باز ہیں ۔ (نواز شریف)

اور مسلم لیگ سر فہرست ہے ۔

—— گوجرانوالہ میں پولیس نے دن دہاڑے اغوا ہونے والے کو ایم پی اے کے ڈیرے سے برآمد کر لیا ۔ (ایک خبر)

ایم پی اے کو پولیس کے خلاف اپنے فرائض منصبی میں مداخلت بے جا کا پرچہ درج کرانا چاہیئے ۔

—— میں بھی جیل جانے والی ہوں۔ آصف کو پیغام بھجوا دیا ہے ۔ (بے نظیر)

بڑے کاموں کے بڑے نتائج !

—— بہاولنگر میں نماز ظہر کے اوقات میں دکان بند نہ کرنے پر دکان دار کے خلاف مقدمہ ۔ (ایک خبر)

کاش ! پاکستان کی باقی انتظامیہ بھی مسلمان ہو جائے !

—— بچوں کو دوسرے ممالک میں سمگل کرنے والے گروہ کا رکن گرفتار (ایک خبر)

کچھ عرصے بعد یہی رکن پولیس کے مشورہ سے بچے سمگل کرنے والے گروہ کا سرغنہ بن جائے گا ۔

اور پھر معزز شہری !